# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن،ساہیوال

نمبر 1670/اے۔ایس۔آر
مورخہ 22-08-2026

منجانب: سیکرٹری

بجانب: جملہ سربراہان کالجز / ہائرسیکنڈری سکولز ملحقہ ساہیوال بورڈ

عنوان: **تعلیمی ادارہ جات میں طلباء وطالبات کے گیارہویں جماعت میں ریگولر داخلے وانرولمنٹ کرنے کا شیڈول برائے سیشن 2026-2028ء**

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرمین کی طرف سے جاری کردہ لیٹر نمبری SO(Boards)Meetings/PBCC/2026 مورخہ 19-08-2026 کے مطابق بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ساہیوال کی طرف سے میٹرک یا اس کے مساوی امتحان میں پاس طلباء وطالبات کے الحاق شدہ سرکاری اور پرائیویٹ تعلیمی ادارہ جات میں بطور ریگولر گیارہویں جماعت میں داخلہ وانرولمنٹ برائے سیشن 28-2026 کا درج ذیل شیڈول جاری کیا جارہا ہے:

| سیریل نمبر | شیڈول | گیارہویں جماعت میں داخل شدہ طلباء وطالبات کی انرولمنٹ کا ڈیٹا آن لائن کرنے اور آن لائن ریٹرن کی مصدقہ ہارڈ کاپی بمعہ جمع شدہ انرولمنٹ فیس کا آن لائن اصل بنک چالان بورڈ ہذا میں جمع کروانے کی آخری تاریخ |
|---|---|---|
| 01۔ | تعلیمی ادارہ جات میں گیارہویں جماعت میں بغیر لیٹ فیس داخلہ | 21-08-2026 تا 05-10-2026 |
| 02۔ | -/600 روپے لیٹ فیس (بورڈ کو واجب الادا) فی طالب علم / طالبہ کے ساتھ داخلہ | 06-10-2026 تا 20-10-2026 |

**تمام الحاق شدہ گورنمنٹ / پرائیویٹ ادارہ جات کے طلباء وطالبات کی انرولمنٹ فیس کی تفصیل**

| انرولمنٹ فیس | پراسیسنگ فیس | ڈویلپمنٹ فنڈ | سپورٹس فیس | سکالرشپ فنڈ | کل انرولمنٹ فیس فی طالب علم / طالبہ |
|---|---|---|---|---|---|
| -/1000 روپے | -/800 روپے | -/350 روپے | -/200 روپے | -/200 روپے | -/2550 روپے |

**نوٹ:** مورخہ 20-10-2026 کے بعد کسی بھی ادارہ کو فریش داخلہ کی اجازت ہرگز نہیں ہوگی۔ انرولمنٹ کا ڈیٹا آن لائن کرنے کے لیے ادارہ جات اپنا سابقہ User I.D اور Password استعمال کریں۔ انرولمنٹ کا ڈیٹا آن لائن کرتے وقت یا Website میں کسی بھی دشواری کی صورت میں رجسٹریشن برانچ کے فون نمبر 040-9200526 اور کمپیوٹر برانچ کے فون نمبر 040-9200523 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

## قواعد وضوابط / ہدایات برائے داخلہ / انرولمنٹ:

1)۔ ایسے پرائیویٹ تعلیمی ادارہ جات جنہوں نے چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) متعلقہ / ڈی پی آئی (کالجز)، لاہور کی طرف سے جاری کردہ رجسٹریشن میں توسیع برائے سیشن 28-2026 کا رجسٹریشن سرٹیفکیٹ اور الحاق میں توسیع کے لیے درخواست وسالانہ الحاق فیس کا جمع شدہ بنک چالان بورڈ میں جمع نہیں کروایا ہے ان ادارہ جات کو طلباء وطالبات کے داخلے وانرولمنٹ کرنے کی اجازت نہیں ہے اور بورڈ ہذا ان کے داخلوں کے بارے میں کسی صورت ذمہ دار نہ ہوگا۔

2)۔ الحاق شدہ پرائیویٹ ادارہ جات اپنے الحاق لیٹر میں درج گروپس کے مطابق ہی انرولمنٹ کرنے کے مجاز ہیں۔ عدم تعمیل کی صورت میں گروپ کی اجازت کی مروجہ فیس وجرمانہ عائد ہوگا۔ انرولمنٹ ریٹرن اور بنک چالان کی صرف آن لائن ہارڈ کاپی ہی قابل قبول ہوگی مینوئل انرولمنٹ ریٹرن ومینوئل بنک چالان قابل قبول نہ ہوگا۔ انرولمنٹ فیس کی ادائیگی کے لیے چیک / ڈرافٹ قابل قبول نہ ہوگا۔

3)۔ بورڈ ہذا کو فراہم کردہ آن لائن انرولمنٹ ریٹرن میں درج طلباء وطالبات کی تعداد سے کم انرولمنٹ فیس جمع کروانے کی صورت میں آخری تاریخ کے بعد انرولمنٹ فیس کے علاوہ مبلغ -/500 روپے یومیہ فی طالب علم / طالبہ جرمانہ بھی ادا کرنا ہوگا۔

4)۔ واضح رہے کہ کوئی بھی الحاق شدہ ادارہ کسی دوسرے غیر الحاق شدہ ادارہ / اکیڈمی کے طلباء وطالبات کی انرولمنٹ کرنے کا مجاز نہیں ہے۔ عدم تعمیل کی صورت میں ایسے ادارہ کو مبلغ -/25,000 روپے جرمانہ ادا کرنا ہوگا اور بورڈ سے الحاق بھی منسوخ کیا جاسکتا ہے۔

5)۔ غیر مسلم طلباء وطالبات "ترجمہ قرآن مجید" کے متبادل "اخلاقیات (Ethics)" اور "اسلامیات لازمی" کے متبادل "مذہبی تعلیم (Religious Education)" کے مضامین اختیار کرسکتے ہیں۔

6)۔ داخل شدہ تمام طلباء وطالبات کا Batch ہر گروپ کے مطابق الگ الگ بنائیں۔ انرولمنٹ فیس جمع کروانے سے قبل کوئی بھی Batch / Entry اَن کنفرم / ختم کروانے کیلئے سربراہ ادارہ مبلغ -/1050 روپے فیس جمع کروا کر انرولمنٹ کی آخری تاریخ تک تحریری درخواست دے سکتے ہیں۔ بہت سے ادارہ جات پری گیارہویں والے طلباء وطالبات کو انکی رضامندی کے بغیر اپنے پورٹل میں فیڈ کرلیتے ہیں جسکی وجہ سے انکو کسی دوسرے ادارہ میں داخلہ لینے کیلئے بلاوجہ سخت پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے جو کہ انکے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی کے زمرے میں آتا ہے۔ لہٰذا تمام سربراہان ادارہ جات کو سختی سے ہدایت کی جاتی ہے کہ ایسے طلباء وطالبات کی Entry انرولمنٹ شیڈول کی آخری تاریخ تک لازمی طور پر ڈیلیٹ کردیں۔ بصورت دیگر مبلغ -/10,000 روپے جرمانہ کے ساتھ انٹری ڈیلیٹ کرنے کی مروجہ فیس بھی ادا کرنا ہوگی۔

CS CamScanner

7)- آن لائن انرولمنٹ ریٹرن، فارورڈنگ لیٹر اور ریونیو فارم کی مصدقہ ہارڈ کاپیاں بمعہ جمع شدہ فیس کے اصل آن لائن بنک چالان دفتر ہٰذا میں بروقت جمع نہ کروانے کی صورت میں آخری تاریخ کے بعد متعلقہ ادارہ کو مبلغ -/500 روپے یومیہ جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔

8)- آن لائن انرولمنٹ ریٹرن، فارورڈنگ لیٹر اور ریونیو فارم کی بورڈ ہٰذا میں جمع شدہ ہارڈ کاپیوں کے ہر صفحہ پر پر سربراہ ادارہ کے دستخط و مہر ثبت نہ ہونے کی صورت میں مبلغ -/500 روپے فی صفحہ جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔

9)- آن لائن انرولمنٹ ریٹرن کی بورڈ ہٰذا میں جمع شدہ ہارڈ کاپیوں پر طلباء و طالبات کے دستخط نہ ہونے کی صورت میں مبلغ -/500 روپے فی صفحہ جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔

10)- آن لائن انرولمنٹ ریٹرن میں طلباء و طالبات کی تصاویر Vertical اَپ لوڈ نہ ہونے اور غیر واضح ہونے کی صورت میں مبلغ -/500 روپے فی صفحہ جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔

11)- الحاق شدہ پرائیویٹ ادارہ جات اپنے ادارہ کی انرولمنٹ ریٹرن کے ساتھ بورڈ سے الحاق کا فریش لیٹر ضرور لف کریں۔

12)- اَن کنفرم انرولمنٹ ریٹرن بورڈ میں جمع کروانے کی صورت میں مبلغ -/500 روپے فی صفحہ جرمانہ ادا کرنا ہوگا اور کنفرم انرولمنٹ ریٹرن کی مصدقہ ہارڈ کاپی مہیا کرنا ہوگی۔

13)- بورڈ ہٰذا میں جمع شدہ آن لائن انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی غیر واضح ہونے کی صورت میں مبلغ -/500 روپے فی صفحہ جرمانہ ادا کرنا ہوگا اور آن لائن انرولمنٹ ریٹرن کی واضح ہارڈ کاپی تصدیق شدہ مہیا کرنا ہوگی۔

14)- سربراہان ادارہ جات کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ آن لائن انرولمنٹ ریٹرن کی تصدیق شدہ ہارڈ کاپی بورڈ کو ارسال کرنے سے پہلے طلباء و طالبات کو چیک کروا کر انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی پر ان کے دستخط کروالیں کہ طلباء و طالبات کے تمام کوائف (نام، ولدیت کے ہجے وغیرہ) اور خاص طور پر تصویر، مضامین / گروپ درست فیڈ ہوئے ہیں کیونکہ انرولمنٹ ریٹرن پر درج شدہ کوائف / تصویر / مضامین ہی داخلہ فارم / رول نمبر سلپ پر درج ہونگے۔ انرولمنٹ ریٹرن میں کسی بھی غلطی کی صورت میں اس کی تمام تر ذمہ داری سربراہ ادارہ پر عائد ہوگی۔ انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی پر از خود / مینوئل درُستی / تبدیلی کرنے کی اجازت ہرگز نہیں ہے۔ کسی بھی تبدیلی / درُستی کے لیے مجوزہ آن لائن درخواست فارم اور فیس کا جمع شدہ آن لائن بنک چالان بورڈ میں جمع کروانے کے بعد قواعد و ضوابط کے مطابق درُستی ہوگی۔

15)- کالج سے کالج مائیگریشن کی اجازت مروجہ قوانین کے تحت انرولمنٹ شیڈول میں دی گئی بغیر لیٹ فیس کی آخری تاریخ سے 30 ایام گزرنے کے بعد سے شروع ہو کر امتحانی داخلوں کے جاری ہونے والے شیڈول کے مطابق تین گنا فیس کی آخری تاریخ تک ہوگی۔ اس کے بعد گیارہویں جماعت کا رزلٹ شائع ہونے کے بعد مائیگریشن کی اجازت ہوگی۔ ایک ہی شہر / تحصیل میں واقع کالجز میں مائیگریشن کی اجازت نہیں ہے۔

16)- مذکورہ بالا داخلہ / انرولمنٹ شیڈول کے دوران اور آن لائن انرولمنٹ ریٹرن بورڈ میں جمع ہونے کی لیٹ فیس کی آخری تاریخ تک کوئی طالب علم / طالبہ اپنا تعلیمی ادارہ تبدیل کرنا چاہے تو اس ادارہ کے سربراہ کی طرف سے تحریری اجازت نامہ یا طالب علم / طالبہ کی طرف سے بیانِ حلفی تصدیق شدہ مجسٹریٹ درجہ اوّل اس امر کا کہ موجودہ ادارے کا معیار پسند نہ آنے کی وجہ سے وہ اپنی مرضی سے ادارہ تبدیل کرنا چاہتا / چاہتی ہے بمعہ مبلغ -/1050 روپے فیس کا جمع شدہ آن لائن بنک چالان فراہم کرنے پر انرولمنٹ کی Entry ڈیلیٹ کروا کر شیڈول کے مطابق دوبارہ انرولمنٹ فیس جمع کروا کر کسی دوسرے ادارہ میں داخلہ لے سکتا ہے۔ انرولمنٹ ریٹرن کی لیٹ فیس کی آخری تاریخ کے بعد Entry ڈیلیٹ نہیں ہوگی ادارہ تبدیل کرنے کے لیے باقاعدہ مائیگریشن کا طریقہ کار اختیار کرنا ہوگا۔

17)- <u>**انرولمنٹ ریٹرن میں کوائف کی درُستی کا طریقہ کار**</u>: (i) سربراہ ادارہ آن لائن انرولمنٹ ریٹرن جمع ہونے کی لیٹ فیس کی آخری تاریخ کے بعد 30 ایام کے اندر انرولمنٹ ریٹرن میں کسی بھی طالب علم / طالبہ کے میٹرک کے مطابق کوائف (نام، نام والد وغیرہ) درست کروانے کے لیے مجوزہ آن لائن درخواست فارم اپنے LOGIN سے ڈاؤن لوڈ کر کے بمعہ مبلغ -/500 روپے معہ -/100 روپے فارم فیس فی غلطی کا جمع شدہ آن لائن بنک چالان بورڈ ہٰذا میں جمع کرواسکتے ہیں۔ 30 ایام کے بعد گیارہویں جماعت کا رزلٹ شائع ہونے سے ایک یوم قبل تک مبلغ -/1050 روپے معہ -/100 روپے فارم فیس فی غلطی فیس عائد ہوگی۔ اس کے بعد درُستی کے لیے انٹر برانچ میں درخواست جمع کروانا ہوگی۔ درُستی نام، ولدیت میں "MUHAMMAD" کے سپیلنگ کی درُستی فیس معاف ہے۔

(ii) بورڈ ہٰذا میں جمع شدہ آن لائن انرولمنٹ ریٹرن میں کسی بھی طالب علم / طالبہ کی تصویر درُستی کیلئے سربراہ ادارہ گیارہویں جماعت کا امتحان شروع ہونے سے ایک یوم قبل تک اپنے LOGIN سے مجوزہ آن لائن درُستی درخواست فارم ڈاؤن لوڈ کر کے بمعہ درُستی فیس فی طالب علم / طالبہ مبلغ -/1050 روپے معہ -/100 روپے فارم فیس کا جمع شدہ آن لائن اصل بنک چالان اور 2 عدد تازہ ترین تصاویر پشت سے تصدیق شدہ فراہم کر کے درُستی کروا سکتے ہیں۔ گیارہویں جماعت کا امتحان شروع ہونے کے بعد تصویر درُستی کیلئے انٹر برانچ میں درخواست جمع کروانا ہوگی اور گیارہویں جماعت کا رزلٹ شائع ہونے کے بعد تصویر درُستی کیلئے ڈسپلن برانچ میں درخواست جمع کروانا ہوگی۔

18)- <u>**گیارھویں جماعت میں دوبارہ داخلہ (Re-Admission)**</u>: اس سال گیارہویں جماعت سیشن 28-2026ء میں ساہیوال بورڈ کے گیارہویں جماعت سالانہ امتحان 2022ء اور اس کے بعد امتحان میں پاس / فیل / غیر حاضر طلباء و طالبات بشرطیکہ انہوں نے بارہویں جماعت کا امتحانی داخلہ نہ بھیجا ہو یا ایسے طلباء و طالبات جن کی سیشن 23-2021ء اور اس کے بعد کی آن لائن انرولمنٹ ریٹرن و فیس بورڈ ہٰذا میں باقاعدہ طور پر جمع ہو وہ بھی گیارہویں جماعت فرسٹ سالانہ امتحان 2026ء کا نتیجہ شائع ہونے کے بعد 30 ایام تک ری ایڈمیشن لے سکتے ہیں۔ گیارہویں جماعت میں پاس طلباء و طالبات کے ری ایڈمیشن کی صورت میں ان کا گیارہویں جماعت کا سابقہ رزلٹ (جناب کنٹرولر امتحانات کو تحریری درخواست بمعہ اصل رزلٹ کارڈ، بیانِ حلفی تصدیق شدہ مجسٹریٹ درجہ اوّل اور جمع شدہ فیس کا

CamScanner

اصل بنک چالان دے کر) منسوخ کروانا لازمی ہوگا۔ سربراہ ادارہ ری ایڈمیشن والے طلباء و طالبات کی انرولمنٹ فیس مبلغ -/2550 روپے کا جمع شدہ آن لائن بنک چالان بمعہ آن لائن انرولمنٹ ریٹرن کی مصدقہ ہارڈ کاپی بھی انہی 30 ایام کے اندر بورڈ ہذا میں جمع کروانے کا پابند ہوگا تاخیر کی صورت میں شق نمبر 7 کے مطابق جرمانہ عائد ہوگا۔ کسی دوسرے بورڈ کے ریگولر طلباء و طالبات اپنے سابقہ بورڈ میں موجودہ سیشن میں گیارہویں جماعت میں باقاعدہ ری ایڈمیشن لینے کے بعد ساہیوال بورڈ میں داخلہ لے سکتے ہیں۔ مضامین / گروپ تبدیل کرنے کی صورت میں مجوزہ فیس عائد ہوگی۔ واضح رہے کہ ری ایڈمیشن کی صورت میں کوئی طالب علم / طالبہ پوزیشن کے حصول کا حقدار نہ ہوگا اور ایک باری ری ایڈمیشن لینے کے بعد دوبارہ ری ایڈمیشن کی اجازت ہرگز نہیں ہوگی۔

19)۔ **گیارھویں جماعت میں لیٹ ری ایڈمیشن**: گیارہویں جماعت فرسٹ سالانہ امتحان 2026ء کے نتیجہ کی اشاعت کے 30 ایام گزرنے کے بعد اور امتحانی داخلہ کے جاری ہونے والے شیڈول کی سنگل فیس کی آخری تاریخ تک انرولمنٹ فیس کے علاوہ مبلغ -/200 روپے یومیہ فی طالب علم / طالبہ جرمانہ کی ادائیگی کے بعد لیٹ ری ایڈمیشن حاصل کیا جا سکتا ہے۔ اس کے بعد ری ایڈمیشن کی اجازت ہرگز نہیں ہوگی۔

20)۔ **دوران سیشن دوسرے بورڈ سے آنے والے طلباء و طالبات کا داخلہ**: کسی دوسرے بورڈ کے سیشن 28-2026ء کے گیارہویں اور بارہویں جماعت میں بطور ریگولر زیر تعلیم طلباء و طالبات اپنے سابقہ بورڈ کے این او سی کی بنیاد پر سابقہ تعلیمی ادارہ کی تاریخ خارجہ سے 45 ایام کے اندر انرولمنٹ فیس مبلغ -/2550 روپے کی ادائیگی کر کے داخلہ لے سکتے ہیں۔ بیرون ممالک سے آنے والے طلباء و طالبات کے تمام کوائف / دستاویزات پاکستانی سفارتخانہ / منسٹری آف ایجوکیشن سے تصدیق شدہ ہونے لازمی ہیں۔ ایسے طلباء و طالبات کی مینوئل انرولمنٹ ریٹرن بمعہ اصل NOC، کالج چھوڑنے کا اصل سرٹیفکیٹ، انٹر پارٹ فرسٹ / میٹرک کے رزلٹ کارڈ / سند کی مصدقہ فوٹو کاپیاں اور جمع شدہ انرولمنٹ فیس کا اصل بنک چالان سربراہ ادارہ کے فارورڈنگ لیٹر کے ساتھ متعلقہ ادارہ میں تاریخ داخلہ سے 10 ایام کے اندر دفتر ہذا میں جمع کروانا لازمی ہوگا۔ تاخیر کی صورت میں مبلغ -/500 روپے یومیہ لیٹ ریٹرن جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ نیز ایسے طلباء و طالبات کی انرولمنٹ ریٹرن دوسرے ریگولر طلباء و طالبات کے ساتھ نہ بھیجی جائے بلکہ الگ بھیجی جائے۔ واضح رہے کہ جاری ہونے والے امتحانی داخلہ شیڈول کی تین گنا فیس کی آخری تاریخ کے بعد این او سی کی بنیاد پر داخلہ کی اجازت ہرگز نہیں ہوگی اور نہ ہی انرولمنٹ ریٹرن قابل قبول ہوگی۔

21)۔ **دوسرے بورڈ سے میٹرک پاس طلباء و طالبات کا فریش داخلہ**: سربراہان ادارہ جات کو ہدایت کی جاتی ہے کہ دوسرے بورڈ سے میٹرک پاس طلباء و طالبات کے انرولمنٹ کا ڈیٹا آن لائن کرتے وقت این او سی کا فرضی / بوگس نمبر فیڈ کرنے کی بجائے اصل سیریل نمبر فیڈ کریں اور انرولمنٹ ریٹرن کی مصدقہ ہارڈ کاپی کے ہمراہ ان کے میٹرک پاس رزلٹ کارڈ / سند کی مصدقہ فوٹو کاپی اور اصل این او سی لازمی لف کریں۔ این او سی کا سیریل نمبر غلط / بوگس فیڈ کرنے کی صورت میں مبلغ -/2,000 روپے فی طالب علم / طالبہ جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔

22)۔ ایسے طلباء و طالبات جنہوں نے جی سی ای (O-Level) کا امتحان پاس کیا ہو سربراہ ادارہ ایسے طلباء و طالبات کی آن لائن انرولمنٹ ریٹرن کے ساتھ انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئرمین، اسلام آباد کی طرف سے جاری کردہ مساوی سرٹیفکیٹ (Equivalence Certificate) اور مارکس شیٹ کی مصدقہ کاپیاں ارسال کریں۔ ایسے طلباء و طالبات جو موجودہ سال اکتوبر / نومبر 2026ء میں جی سی ای (O-Level) پاس کریں گے حکومت پنجاب کے لیٹر نمبر SO(A-I)SA7-3/96 مورخہ 08-11-1997 کے تحت اس سال گیارہویں جماعت میں داخلہ لینے کے اہل نہیں ہوں گے۔

23)۔ **سیشن گیپ**: حکومت پنجاب کی داخلہ پالیسی کے نوٹیفکیشن NO.S.O(C.A)1-28/2015 مورخہ 20-07-2016 کے مطابق سابقہ پانچ سال یعنی میٹرک سالانہ امتحان 2022ء اور اس کے بعد والے میٹرک پاس طلباء و طالبات کو سیشن گیپ کے تحت گیارہویں جماعت میں بطور ریگولر داخل کیا جا سکتا ہے بشرطیکہ گیپ کے عرصہ میں انہوں نے میٹرک پاس کرنے کے بعد کسی بھی گورنمنٹ / پرائیویٹ ادارہ میں گیارہویں جماعت میں داخلہ نہ لیا ہو اور نہ ہی انٹرمیڈیٹ پارٹ-I,II کا امتحانی داخلہ بھیجا ہو یا کسی بھی امتحان میں شرکت کی ہو ان کو اس امر کا بیان حلفی تصدیق شدہ مجسٹریٹ درجہ اوّل بھی فراہم کرنا ہوگا۔ سربراہ ادارہ ایسے طلباء و طالبات کے داخلوں کی منظوری کا معاملہ اپنے ادارہ کی کونسل میں پیش کرے گا اور منظوری کے بعد کونسل کی سفارشات، طلباء و طالبات کی طرف سے فراہم کردہ اصل بیانِ حلفی اور جمع شدہ انرولمنٹ فیس کا اصل بنک چالان آن لائن انرولمنٹ کی مصدقہ ہارڈ کاپی کے ساتھ شیڈول کے مطابق بورڈ کو ارسال کرے گا۔ واضح رہے کہ 5 سال سے زائد عرصہ یعنی میٹرک سالانہ امتحان 2022ء سے قبل میٹرک پاس طلباء و طالبات سیشن گیپ کے تحت کسی بھی صورت داخلہ لینے کے اہل نہیں ہیں۔

24)۔ **مضامین / گروپ کی تبدیلی / درُستی کا طریقہ کار**: بورڈ ہذا میں جمع شدہ انرولمنٹ ریٹرن میں مضامین / گروپ کی تبدیلی / درُستی کیلئے سربراہ ادارہ اپنے ادارہ کے پورٹل کے ذریعے مجوزہ آن لائن درخواست فارم بمعہ فی مضمون مبلغ -/2400 روپے معہ -/100 روپے فارم فیس جبکہ گروپ کیلئے مبلغ -/2200 روپے معہ -/100 روپے فارم فیس کا جمع شدہ آن لائن بنک چالان شیڈول کے مطابق انرولمنٹ ریٹرن جمع کروانے کی لیٹ فیس کی آخری تاریخ کے بعد 30 ایام کے اندر درخواست ارسال کر سکتے ہیں۔ اس کے بعد امتحان شروع ہونے سے ایک یوم قبل تک مضامین اور گروپ درُستی فیس کے علاوہ مبلغ -/2000 روپے فی طالب علم / طالبہ جرمانہ بھی ادا کرنا ہوگا نیز سربراہ ادارہ کو اس بابت تحریری سرٹیفکیٹ بھی دینا ہوگا کہ پیش نظر کیس میں طالب علم / طالبہ سال بھر مطلوبہ مضامین ہی پڑھتا رہا ہے تاہم کلیریکل غلطی کی وجہ سے انرولمنٹ ریٹرن میں غلط مضامین / گروپ کا اندراج ہو گیا تھا۔ گیارہویں جماعت کی رول نمبر سلپس جاری ہونے کے بعد مضامین اور گروپ درُستی انٹر برانچ کرے گی۔

CamScanner

(26۔ بورڈ ہٰذا کے جملہ امتحانات کے لیے سرکاری / پرائیویٹ الحاق شدہ ادارہ جات اپنے ادارہ کی بلڈنگ / فرنیچر برائے امتحانی سنٹر اور لیبارٹریز برائے پریکٹیکل امتحان فراہم کرنے کے پابند ہوں گے۔ انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی کے ساتھ تمام سربراہان ادارہ جات اپنے ادارہ کے سٹاف کی لسٹ بمعہ مکمل کوائف / معلومات / رابطہ نمبر برائے محکمہ امتحانی ڈیوٹی ضرور ارسال کریں۔ عدم تعمیل کی صورت میں ادارہ کا بورڈ سے عارضی الحاق منسوخ کیا جا سکتا ہے۔

(26۔ PBCC کے اجلاس منعقدہ مورخہ 18-02-2026 کی آئٹم نمبر 10.3 میں کیے گئے فیصلہ کے مطابق بورڈ ہٰذا کی طرف سے جاری کردہ نوٹیفکیشن نمبر 4604-ASR مورخہ 22-04-2026 کے تسلسل میں تمام کالجز / ہائر سیکنڈری سکولز ملحقہ ساہیوال بورڈ کے سربراہان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ گیارہویں جماعت سیشن 28-2026ء کی آن لائن انرولمنٹ کرتے وقت طلباء / طالبات کی Biometric کو لازمی قرار دیا گیا ہے۔ مذکورہ نوٹیفکیشن میں Biometric کے حوالہ سے درج اقدامات / ہدایات پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔ Biometric Software بورڈ ہٰذا کی طرف سے مہیا کیا جائے گا اور تمام ادارہ جات کو Biometric Device ماڈل نمبر HID Digital Persona 4500 Fingerprint Reader خریدنے کی تجویز ہے۔ واضح رہے کہ Biometric Device کی خریداری کے لیے بورڈ ہٰذا ادارہ جات کو کسی بھی قسم کے اخراجات ادا نہیں کرے گا۔ Biometric کے بارے میں مکمل رہنمائی ویڈیو کی صورت میں Board Website پر ادارہ جات کے Login ID میں اَپ لوڈ کر دی جائے گی۔ Biometric کے بغیر آن لائن انرولمنٹ قابل قبول نہ ہوگی جس کی تمام تر ذمہ داری سربراہ ادارہ پر عائد ہوگی۔

**نوٹ:** شیڈول سے متعلقہ ہر قسم کی ممکنہ اَپ ڈیٹس بورڈ کی Website پر دے دی جاتی ہیں لہٰذا اَپ ڈیٹس سے باخبر رہنے کے لیے بورڈ کی ویب سائٹ وزٹ کرتے رہیں۔ انرولمنٹ ریٹرن میں کسی قسم کی درستی کے لیے ساہیوال بورڈ کی Website سے درخواست فارم ڈاؤن لوڈ کر کے ارسال کریں مینوئل درخواست فارم قابل قبول نہیں ہوگا۔

غلام حسین
(سیکرٹری)

کاپی برائے اطلاع:-

-1 جملہ سیکرٹریز، پنجاب بورڈز بشمول میرپور (آزاد جموں و کشمیر بورڈ)
-2 جناب چیف ایگزیکٹو آفیسرز (ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی) ساہیوال، پاکپتن، اوکاڑہ
-3 جناب ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ، ساہیوال (25 کاپیاں برائے اشاعت قومی و مقامی اخبارات)
-4 پی۔ایس برائے چیئرمین
-5 پی۔اے برائے سیکرٹری
-6 پی۔اے برائے کنٹرولر امتحانات
-7 ڈائریکٹر آف ایجوکیشن (کالجز) ساہیوال ڈویژن، ساہیوال
-8 جملہ آفیسران بورڈ ہٰذا
-9 سسٹم اینالسٹ (برائے ویب سائٹ)

CamScanner